09.03.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... محمد عمار

Music

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کا صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچہ گزشتہ چند برسوں میں اور زیادہ مضبوط ہوا ہے۔

☆ بھارت نے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے مغربی ایشیا میں کشیدگی دور کرنے پر زور دیا ہے۔

☆ مغربی ایشیا میں لڑائی میں تیزی آگئی ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے ایران کے زیرِ زمین میزائل بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا۔ ایران نے بھی خلیج کے خطے میں میزائل اور ڈرون سے حملہ کیا۔

☆ گزشتہ چار سال میں پہلی بار تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی ہیں۔ Sensex میں ایک ہزار 700 سے زیادہ پوائنٹ کی گراوٹ آئی، جبکہ Nifty بھی 541 پوائنٹ نیچے آگیا۔

☆ اپوزیشن ارکان کے شوروغل کے تناظر میں لوک سبھا کی کارروائی سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی ہے، جو مغربی ایشیا کی صورتحال پر بحث کا مطالبہ کررہے تھے۔

☆ خواتین ہاکی میں آج شام حیدرآباد میں FIH ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائرس میں بھارت کا مقابلہ اسکاٹ لینڈ سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

PM-WEBINAR

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کا صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچہ گزشتہ چند برسوں میں اور زیادہ مضبوط ہوا ہے۔''سب کا ساتھ، سب کا وکاس- اور عوام کی امنگوں کی تکمیل' کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے Webinar سے

خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ عوام کی امنگوں کی تکمیل محض بجٹ کا معاملہ نہیں، بلکہ یہ بجٹ اور سرکار کے عہد کی بنیاد ہے۔ وزیراعظم نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ ملک احتیاطی اور جامع صحت نظام کی سمت ایک نظریے کے ساتھ کام کررہا ہے اور کئی ضلعوں میں سیکڑوں نئے میڈیکل کالج کھولے جارہے ہیں۔ دیکھ بھال سے متعلق معیشت میں اضافے پر زور دیتے ہوئے جناب مودی نے کہاکہ دیکھ بھال کرنے والے اہلکاروں کی بڑھتی ہوئی عالمی مانگ کے تناظر میں ملک میں لاکھوں نوجوان افراد کیلئے ہنرمندی پر مبنی روزگار کے نئے مواقع پیدا ہورہے ہیں۔

Byte 1400 PM Modi On Skil Care

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ بھارت اختراع کے سرکردہ رول والی معیشت کی سمت آگے بڑھ رہا ہے۔ اُنہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ اپنے کیمپس کو صنعتی اشتراک اور تحقیق پر مبنی تدریس کے مراکز بنائیں، تاکہ طلبا حقیقی دنیا کی لازمی ضروریات اور معلومات سے واقفیت حاصل کرسکیں۔×

PM-PRADHAN ARTICLE

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی STEM، تحقیق اور اختراع میں خواتین کی بڑھتی ہوئی شمولیت کے ساتھ ناری شکتی ملک کے وکست بھارت کے سفر کو تقویت پہنچارہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان کے مضمون پر اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کی ترقی کی کہانی اب خواتین کی ترقی سے آگے بڑھ کر، خواتین کی قیادت میں ترقی کی طرف منتقل ہورہی ہے۔ اپنے مضمون میں دھرمیندر نے کہا کہ ملک کی خواتین علم پر مبنی معیشت کی قیادت کرنے کیلئے تیار ہیں۔×

LS-JAISHANKAR WEST ASIA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں کشیدگی کم کرنے کی خاطر مذاکرات اور سفارتکاری کا راستہ اختیار کیا جانا چاہئے۔ مغربی ایشیا کے حالات کے بارے میں لوک سبھا میں بیان دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت سرکار نے گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صورتحال کے بارے میں پچھلے مہینے کی 20 تاریخ کو ایک بیان جاری کیا تھا اور سبھی فریقوں پر زور دیا تھا کہ وہ ضبط وتحمل سے کام لیں۔ اُنہوں نے کہاکہ بھارت کا یہ ماننا ہے کہ کشیدگی کم کرنے کیلئے مذاکرات اور ڈپلومیسی کا راستہ اپنایا جانا چاہئے۔ وزیرخارجہ نے بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی اُبھرتے ہوئے حالات پر لگاتار نظر رکھے ہوئے ہیں اور متعلقہ وزارتیں مؤثر اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے تال میل کے ساتھ کام کررہی ہیں۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ مغربی ایشیا کے خطے میں لڑائی میں تیزی آتی جارہی ہے اور سیکورٹی صورتحال بھی کافی بگڑ گئی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ محاذ آرائی دیگر ملکوں تک پھیل گئی ہے، جس کی وجہ سے تباہ کاری ہوئی ہے اور معمول کی زندگی

اور سرگرمیاں متاثر ہورہی ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہاکہ یہ محاذ آرائی بھارت کیلئے خاص طور پر تشویش کی بات ہے، کیونکہ یہ ایک پڑوسی خطہ ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اپوزیشن کے شوروغل کے بیچ میں ہی بیان دیا۔ یہ ارکان اِس معاملے پر بحث کا مطالبہ کررہے تھے۔ وزیرخارجہ نے راجیہ سبھا میں بھی اِسی طرح کا بیان دیا۔×

US-ISRAEL-IRAN CONFLICT

امریکہ-اسرائیل، ایران جنگ کا آج دسواں دن ہے اور کشیدگی کا سلسلہ جاری ہے۔ خطے میں لڑائی میں تیزی آگئی ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے ایران کے زیرِ زمین میزائل بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا۔ ایران نے بھی خلیج کے خطے میں میزائل اور ڈرون سے حملہ کیا۔ اِدھر متحدہ عرب امارات کے حکام نے سیکورٹی، سفر، مارکیٹ اور روزمرہ کی زندگی پر اثرانداز ہونے والے معاملات کے تعلق سے تازہ جانکاری دستیاب کرائی ہے۔ امارات میں آج صبح میزائلوں اور ڈرون کو بیچ میں ہی مار گرایا گیا۔ زیادہ تر دفاعی سرگرمی ابوظہبی میں دیکھنے میں آئی۔×

IRAN NEW SUPREME LEADER

ایران میں ملک کے مرحوم رہبرِ اعلیٰ کے بیٹے مجتبیٰ خامنہ ای کو اُن کا جانشین نامزد کیا گیا ہے۔ ایران کے سرکاری ٹیلی ویژن نے اعلان کیا ہے کہ ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب نے نئے رہنما کے تئیں اپنی وفاداری کا اعلان کیا ہے۔

اُدھر وہائٹ ہاؤس نے مجتبیٰ خامنہ ای کے تقرر پر فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے۔ البتہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے ایک انٹرویو میں یہ کہا تھا کہ آیت اللہ خامنہ ای کے بیٹے اُن کیلئے ناقابل قبول ہوں گے۔ اُنہوں نے یہ بھی تجویز کیا کہ ایران کے نئے لیڈر کے انتخاب میں امریکہ کا بھی رول ہونا چاہئے۔ ساتھ ہی یہ تنبیہ بھی کی کہ اُن کی منظوری کے بغیر کوئی بھی نیا لیڈر زیادہ عرصے تک نہیں رہ سکے گا۔×

STOCKS

آج دن کے کاروبار میں اندرونِ ملک شیئر بازاروں میں دو اعشاریہ تین فیصد کی گراوٹ دیکھنے میں آئی۔ Sensex میں ایک ہزار 833 پوائنٹ کی گراوٹ آئی، جبکہ Nifty بھی 566 پوائنٹ نیچے آگیا۔ اِدھر تیل کی عالمی قیمتیں پچھلے چار سال میں پہلی مرتبہ 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی ہیں۔ مغربی ایشیا میں لڑائی کی وجہ سے آبنائے ہُرمز کے راستے تیل کی سپلائی میں رکاوٹ پڑرہی ہے اور عالمی منڈیاں بھی متاثر ہوئی ہیں۔×

LS-ADJOURN

لوک سبھا کی کارروائی اپوزیشن کے ارکان کے شوروغل کے تناظر میں سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی کی گئی ہے۔ یہ ارکان مغربی ایشیا کی صورتحال پر بحث پر اصرار کررہے تھے۔ پہلی بار ملتوی ہونے کے بعد، جب دن میں 12 بجے ایوان کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مغربی ایشیا کی صورتحال کے بارے میں ازخود بیان دیا۔ جب اُنہوں نے بیان دینا شروع کیا تو کانگریس، DMK، سماجوادی پارٹی اور دیگر پارٹیوں کے اپوزیشن ارکان تختیاں لہراتے ہوئے ایوان کے وسط میں آگئے۔

صدرنشیں جگدمبیکاپال نے اِن ارکان سے کہا کہ وہ ایوان میں تختیاں نہ لہرائیں، کیونکہ یہ ضابطوں کے منافی ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے ایوان میں اپوزیشن کے رویے پر اُسے سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اُنہوں نے اپنی زندگی میں ایسی غیر ذمے دار اپوزیشن کبھی نہیں دیکھی۔ وزیرموصوف نے کہا کہ اپوزیشن نے لوک سبھا اسپیکر کے خلاف قرارداد کے بارے میں ایک نوٹس دیا تھا اور یہ ایوان کے آج کے کام کاج میں شامل ہے۔ جناب رججو نے کہاکہ اپوزیشن اُلجھن کا شکار ہے اور وہ آج دیگر معاملات پر بحث کا مطالبہ کررہی ہے۔ صدرنشیں کی اپیل کے باوجود اپوزیشن ارکان احتجاج کرتے رہے اور ایوان کی کارروائی سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔×

RAJYA SABHA-NADDA

راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جے پی نڈا نے مغربی ایشیا محاذ آرائی کے بارے میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے بیان کے دوران اپوزیشن کے رویے پر اُس کی نکتہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ اُس کی دلچسپی بحث میں نہیں، بلکہ افراتفری پھیلانے میں ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اپوزیشن کی دلچسپی کبھی بھی بحث میں نہیں، بلکہ ہنگامہ آرائی اور شور وغل پیدا کرنے میں رہی ہے۔ جناب نڈا نے الزام لگایا کہ اپوزیشن کیلئے وِکست بھارت یا آتم نربھر بھارت کی کوئی اہمیت نہیں، بلکہ وہ صرف سیاست کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے۔

اِس سے پہلے کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے کہاکہ مغربی ایشیا کے خطے میں لڑائی میں تیزی آنے سے ملک کے اقتصادی استحکام پر اثر پڑے گا اور وہاں کام کرنے والے بھارتی افراد کی سلامتی اور روزی روٹی خطرے میں پڑ جائے گی۔×

BJP OBSERVERS RS POLLS

BJP نے بہار، اڈیشہ اور ہریانہ میں ہونے والے راجیہ سبھا کے انتخابات کیلئے مرکزی مشاہدین مقرر کئے ہیں۔ چھتیس گڑھ کے نائب وزیراعلیٰ وجے شرما اور مرکزی وزیر ہرش ملہوترا، بہار میں پارٹی کیلئے مرکزی مشاہد ہوں گے، جبکہ گجرات کے

نائب وزیراعلیٰ ہرش سنگھوی ہریانہ میں اور مہاراشٹر سرکار کے وزیر چندر شیکھر باون کولے، اڈیشہ میں مرکزی مشاہد ہوں گے۔ BJP کے صدر نتن نبین نے آج ان تقرریوں کا اعلان کیا۔×

FIH-HOCKEY

حیدرآباد میں آج FIH ہاکی ورلڈ کپ 2026 کے کوالیفائرس کے Pool-B کے اپنے دوسرے میچ میں بھارتی خواتین کی ہاکی ٹیم اسکاٹ لینڈ کا سامنا کرے گی۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ کل بھارتی ٹیم نے اُروگوئے کو چار-صفر سے شکست دی تھی۔×

PM-TEAM INDIA

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ جیت کر ٹیم انڈیا نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ پختہ عزم، تحمل اور خود اعتمادی کا امتزاج، زندگی میں کامیابی کا بنیادی منتر ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، سنسکرت کا ایک شلوک شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اِس جیت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ صحیح سمت میں سخت محنت کرکے، ہر مقصد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وزیر اعظم نے سبھی شہریوں کو صلاح دی کہ وہ اپنی اُمنگیں پوری کرنے کی خاطر مسلسل اور مستقل مزاجی سے کام کریں۔

MY BHARAT-YUVA CONNECT

نوجوانوں کے اُمور اور کھیلوں کی وزارت آج دلّی میں وکست بھارت یووا کنیکٹ پروگرام کے دوسرے مرحلہ کا آغاز کرے گی۔ اس پروگرام کا انعقاد 'میرا یووا بھارت' مائی بھارت کے ذریعہ نوجوانوں کی شمولیت بڑھانے اور وکست بھارت-2047 کے وژن کو مضبوط بنانے کیلئے کیا جارہا ہے۔ وزارت نے مطلع کیا کہ قومی راجدھانی کے 35 سے زیادہ کالجوں کے 10 ہزار سے زیادہ طلباء اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔×

MEA-MALAWI

بھارت نے انسانی ہمدری کی بنیاد پر ملاوی کے عوام کی مدد کیلئے ایک ہزار میٹرک ٹن چاول کی امداد Nhava Sheva بندرگاہ سے روانہ کی ہے۔ یہ امداد El Nino کے اثرات سے پیدا ہونے والی خشک سالی کے بعد ملاوی میں خوراک کی یقینی فراہمی کی کوششوں کی حمایت کیلئے بھیجی گئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ امداد عالمی خطۂ جنوب کے شراکت داروں کی مدد اور جنوب-جنوب تعاون کے جذبے کو آگے بڑھانے کیلئے بھارت کے مسلسل عزم کی علامت ہے۔×

BANGLADESH-ENERGY CRISIS

بنگلہ دیش میں بڑھتے ہوئے توانائی بحران کے پیش نظر حکومت نے تمام سرکاری اور نجی یونیورسٹیوں کو آج سے بند کرنے کا حکم دیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت عیدالفطر کی تعطیلات کو پہلے شروع کیا جارہا ہے، تا کہ ہنگامی اقدامات کے ذریعہ بجلی اور ایندھن کی بچت کی جاسکے۔

یہ ہدایت وزارت تعلیم نے یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کو جاری کی ہے، جس میں ملک بھر کی یونیورسٹیوں سے کہا گیا ہے کہ وہ طے شدہ وقت سے پہلے ہی عیدالفطر کی چھٹیاں شروع کردیں۔ اس اقدام کا مقصد یونیورسٹی کیمپس میں بجلی کے استعمال کو کم کرنا ہے، کیونکہ عام طور پر ہوسٹلز، کلاس رومز، لیبارٹریوں اور ایئرکنڈیشننگ کیلئے بڑی مقدار میں بجلی درکار ہوتی ہے۔×

ISRAEL STRIKE-BEIRUT

اسرائیلی دفاعی فورسز IDF نے آج اعلان کیا کہ اُس نے بیروت میں ایک درست نشانے والے حملے میں IRGC قُدس فورس کے لبنان کور کے پانچ سینئر کمانڈروں کو ہلاک کردیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر IDF نے کہا کہ لبنان کور کے ہلاک ہونے والے کمانڈروں میں داؤد علی Zadeh، ماجد حسینی لبنان کور کے انٹیلیجنس محکمے کے کمانڈر علی رضا Bi-Azar اور لبنان کور کے انٹیلیجنس کے اہلکار حسن Ahmadlo شامل ہیں۔ اسرائیلی دفاعی فورسز نے کہا کہ مذکورہ افراد کو آپریشن Roaring Lion کے دوران ہلاک کیا گیا۔×

LS-CRICKET

لوک سبھا نے بھارتی کرکٹ ٹیم کو ICC ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ صدرنشین جگدمبیکاپال نے کہا کہ بھارت کی اِس جیت سے پورے ملک میں جوش وخروش اور جشن کا ماحول ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ اِس پورے ٹورنامنٹ میں بھارتی ٹیم نے مثالی مہارت، پختہ عزم، ٹیم ورک اور ڈسپلن کا مظاہرہ کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆